علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
(شعبہ سیکنڈری ٹیچر ایجوکیشن)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تدریسیاتِ اردو 8639 　　　　سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایڈ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

مشق نمبر1

(یونٹ نمبر:1تا 4)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ پاکستان میں اردو کی تدریس کے تقاضوں پر بحث کریں اور واضح کریں کہ اردو کے لسانی و تعلیمی پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے تدریس کو مؤثر کیسے بنایا جاسکتا ہے۔ (20)

سوال نمبر2۔ اردو کے متن کے مفہوم اور تدریسی اہمیت پر بحث کریں۔استاد طلبہ کی فہم اور دلچسپی بڑھانے کے لیے متن کو کس طرح تدریسی سرگرمیوں سے مربوط کر سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ اردو کے سبق کی منصوبہ بندی کی اہمیت بیان کریں۔ سبق کے مقاصد، مواد، تدریسی مراحل اور طلبہ کی سرگرمیوں کو منظم کرنے کے مؤثر طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اردو کی تدریس میں زبان، بول چال، لہجے اور لسانی ماحول کی اہمیت واضح کریں۔ مختلف طلبہ کی لسانی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے تدریسی طریقۂ کار پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اردو کی تدریس میں درپیش اہم مسائل کا جائزہ لیں اور اساتذہ کی تدریسی مہارت، مناسب مواد اور مؤثر سرگرمیوں کے ذریعے ان مسائل سے نمٹنے کے عملی طریقے تجویز کریں۔ (20)

مشق نمبر2

(یونٹ نمبر:5تا 9)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ اردو کی تدریس میں سننے اور بولنے کی مہارتوں کی اہمیت بیان کریں۔ان دونوں مہارتوں کو بہتر بنانے کے لیے مناسب تدریسی سرگرمیوں اور طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اردو میں پڑھنے اور فہمِ متن کی مہارت پیدا کرنے کے لیے مؤثر تدریسی طریقوں پر بحث کریں۔ طلبہ میں مطالعے کی عادت اور متن کی سمجھ کیسے پیدا کی جاسکتی ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ اردو تحریر اور املا کی تدریس کے اہم تقاضے بیان کریں۔ طلبہ کی تحریری صلاحیت اور درست املا بہتر بنانے کے لیے مختلف مشقوں اور تدریسی سرگرمیوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ نثری متن، نظم اور غزل کی تدریس کے طریقوں کا جائزہ لیں۔ادبی متن کے ذریعے طلبہ میں فہم، اظہار اور ادبی ذوق پیدا کرنے کے مؤثر طریقے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اردو کی تدریس میں زبان شناسی اور دیگر خصوصی مہارتوں کی اہمیت واضح کریں۔ان مہارتوں کو تدریسی عمل میں شامل کر کے طلبہ کی مجموعی زبان دانی بہتر بنانے کے طریقوں پر بحث کریں۔ (20)